LIFESAVING SOCIETY
*The Lifeguarding Experts*

**نئے کینیڈین نوعمر ڈوبنے کے خطرے سے زیادہ دوچار**

شہریوں کے ڈوبنے سے بچاؤ کے لئے کام کرنیوالی کینیڈا کی سرکردہ تنظیم لائف سیونگ سوسائٹی کی نئی ریسرچ کے مطابق نوعمر یعنی 11-14 سال کے ان بچوں میں جو کینیڈا میں نئے ہیں کینیڈین نژاد ہم جماعت بچوں کے مقابلے میں تیراکی سے انسیت نہ ہونے کا امکان پانچ گنا زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس کے باوجود 93 فیصد نئے کینیڈین کہتے ہیں وہ پانی اوراس کے طراف میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔

The Influence of Ethnicity on Tweens Swimming & Water Safety in Canada ریسرچ نئے اور پیدائشی کنیڈینز کی تیراکی اور پانی میں حفاظت کی جانب رویے کو بہتر سمجھنے کے لئے کی گئی ہے۔2010 میں ہونیوالی تحقیق کے مطابق کینیڈا میں نئے آباد ہونیوالے بالغوں میں تیراکی سے انسیت نہ ہونے کا امکان پیدائشی کینیڈینز کے مقابلے میں نئے کنیڈینز میں چار گنا کم ہے۔

تحقیق کے نتائج سے یہ پتاچلا کہ پانی میں حفاظت کا خطرہ کینیڈا کے پیدائشی نوعمر بچوں سے زیادہ نئے نو عمر کنیڈینز میں ہے اور اس سے بھی زیادہ ان میں جو پانچ سال سے کم عرصہ سے کینیڈا میں ہیں ان بچوں میں تیراکی نہ آنے کا امکان پیدائشی کنیڈینز سے سات گنا زیادہ ہے۔

لائف سیونگ سوسائٹی کی پبلک ایجوکیشن ڈائریکٹر باربرا بیرس کا کہنا ہے کہ تحقیق کے نتائج ہماری 2010 کی ریسرچ کی تصدیق کرتے ہیں کہ کینیڈا آنے والے خاندانوں میں پانی میں حفاظت اور تیراکی سیکھنے کی اہمیت کے حوالے سے اکثر مختلف علم یا مشاہدات ہوتے ہیں۔ہم نے نو عمر بچوں پر خاص طور پر توجہ مرکوز کرنے کے لئے یہ تحقیق کی تاکہ یہ بہتر جان سکیں کہ پانی میں حفاظت اور تیراکی سیکھنے کے لئے انہیں کیسے قائل کیا جائے ۔

باربرا بیرس نے کہا کہ اس عمرکے بچے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ زیادہ آزادی کی خواہش کے باوجود، والدین اوراسکولوں کو اب بھی ان کی روزانہ کی سرگرمیوں پر اثر و رسوخ حاصل ہے۔ کینیڈین ڈروننگ رپورٹ 2016 اس کی تصدیق کرتی ہے کہ نو عمر جو تیراکی سیکھے بنا بالغ ہوجائیں زیادہ خطرے کے زمرے میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ اس رپورٹ سے پتا چلتاہے کہ 20-24سالہ نوجوانوں میں ڈوبنے کی شرح زیادہ ہے۔اس عمر میں تیراکی کی بنیادی مہارت سیکھنا بلوغت میں تحفظ کا باعث بن سکتی ہے۔

**تیراکی پانی سے متعلق سب سے زیادہ مقبول مشغلہ ہے باوجود اس کے کہ ہر پانچ میں سے ایک نو عمر کا کہنا ہے کے وہ تیراکی نہیں جانتے**

- رپورٹ میں پتا چلاہے کہ90 فیصد پیدائشی کنیڈینز کے برعکس 68 فیصد نئے کنیڈینز ایسے ہیں جو تیراکی میں حصہ لیتے ہیں جبکہ 3 فیصد پیدائشی کنیڈینز کے مقابلے میں 17فیصد نئے کینیڈینز بچے ایسے ہیں جنہیں تیراکی نہیں آتی۔

- کینیڈا میں نئے آنیوالے نو عمر بچوں میں ہر تین میں سے ایک یعنی 34 فیصد ایسے ہیں جو تھوڑا بہت تیرنا جانتے ہیں جبکہ اس کے مقابل پیدائشی کینیڈینز میں ایسے نو عمر بچوں کی شرح صرف10 فیصد ہے۔

- بہت سے نئے کینیڈین نو عمرجو تیراکی کرنا جانتے ہیں لیکن انہیں اپنی صلاحیتوں پر اعتماد نہیں۔ایک چوتھائی نئے نو عمر جن کو تیراکی آتی ہے کہتے ہے کے وہ سوئم ٹو سروایو کے معیارپر پورا نہیں اتر سکتے جس میں ایک پول میں گہرے پانی میں کود کر1 منٹ کے لئے پانی کی سطح پر ٹھہرنا اور کمیونٹی پول میں 2 لینتھ تیراکی شامل ہے۔

- بیشتر نئے نو عمر کینیڈینز کو خدشہ ہے کہ وہ سوئمنگ کے دوران ڈوب جائیں گے یا زخمی ہو جائیں گے(اس خدشہ کا اظہار کرنے والے نئے نو عمر کینیڈینز کی شرح 49 فیصد ہے جبکہ اس کے مقابل پیدائشی کینیڈینز نو عمر بچوں میں یہ شرح صرف 21فیصد ہے)

**کینیڈین تجربہ کے مطابق تیراکی سیکھنا**

کینیڈا کے دنیا بھر کے ممالک سے تارکین وطن کی بڑھتی ہوئی تعداد کے خیر مقدم کی وجہ سے یہ تحقیق بروقت ہے۔تقریبا 30000 شامی مہاجرین یکم جولائی کو اپنا پہلا کینیڈا ڈے منائینگے۔
سٹیٹسٹکس کینیڈا کے مطابق کینیڈا کی نئی آبادی میں اضافہ جاری رہیگا اور2031 تک نئے آباد ہونیوالوں کی یہ شرح 25 سے 28 فیصد تک جا پہنچے گی۔یعنی کینیڈا کے ہر چار میں سے ایک شہری غیر ملکی نژاد ہوگا۔

اکثر نئے کینیڈین جن ممالک سے آتے ہیں وہاں انہیں تیراکی سیکھنے اور پانی میں حفاظت کا تجربہ حاصل نہیں ہوتا۔جب وہ کینیڈا آتے ہیں جہاں صاف پانی اور پانی سے متعلق بیشمار وسائل مہیا ہیں تو ان میں تیراکی کا تجربہ حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ریسرچ کے مطابق 73 فیصد نئے نو عمر کینیڈینز تیراکی کینیڈا میں ہی سیکھتے ہیں۔

باربرا بیرس کہتی ہیں کہ ہم ان نئے خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں جو تیراکی سیکھنے کواپنے کینیڈین تجربے کا حصہ بنانے کے لئے تیراکی سیکھنا چاہتے ہیں۔ریسرچ کے مطابق نئے نو عمر کینیڈین اور ان کے اہلخانہ کوتیراکی سیکھنے میں کچھ مسائل درپیش ہیں جن میں فیملی روایات اور مذہب کے علاوہ روزمرہ معمول کی مشکلات بھی شامل ہیں۔اس ریسرچ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سوئم ٹو سروایو جیسے پروگرام کو فروغ دینے اور ان مسائل کو حل کرنے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں۔

**اپنے بچاؤ کیلئے تیراکی کرنا**

لائف سیونگ سوسائٹی کا سوئم ٹو سروایو پروگرام گریڈ 3 کے طلبا کے لئے ایک اسکول پروگرام ہے جو تسلسل سے تیراکی کی 3 بنیادی مہارتیں سکھاتا ہے جن میں گہرے پانی میں گھومنا، پانی میں ایک منٹ تک ٹھہرنا اور50 میٹر تیرناشامل ہے۔ یہ پروگرام بنیادی تیراکی سیکھنے کا متبادل تو نہیں مگر پانی میں حفاظت کا اہم پہلا قدم ضرورہے جو پانی میں اچانک گرنے پر مدد کرسکتا ہے۔

سوئم ٹو سروایو پلس جوگریڈ 7 کے نو عمر طلبا کے لئے ہے سکولوں کی شراکت کے ساتھ بھی پیش کیا جاتا ہے اور گہرے پانی میں حفاظت اور احتیاط سے دوست کی مدد کرنے کے لئے تیراکی کے بنیادی مہارات سکھاتا ہے۔یہ پروگرام اسکول کے اوقات کے دوران منعقد کیا جاتا ہے اوراس پروگرام میں طلبا کو عام لباس میں تیراکی کی اجازت ہوتی ہے۔

سوئم ٹو سروایو اور سوئم ٹو سروایو پلس پروگراموں کو بانی سپانسر سٹیفنے گیٹز کیپ سیف فاؤنڈیشن کی مدد سے تشکیل دیا گیا۔2005 سے اونٹاریو حکومت وزارت تعلیم کی فنڈنگ سے 755000سے زائد گریڈ 3 کے طالب علموں کوسوئم ٹو سروایو کی مہارت سیکھنے کا موقع فراہم ہوا جبکہ2013سے ابتک40000سے زائد گریڈ 7 کے طلبا سوئم ٹو سروایو پلس پروگرام میں حصہ لے چکے ہیں۔سوئم ٹو سروایو پلس کو فی الوقت اونٹاریو ٹریلیم فاؤنڈیشن اور پی پی ایل ایکواٹک فٹنس اینڈ سپا گروپ کی فنڈنگ حاصل ہے۔

کمیونٹی کی ضروریات کے مدنظر ، لائف سیونگ سوسائٹی نے حال ہی میں فیملی سوئم ٹو سروایو پروگرام متعارف کرا یا ہے۔اس نئے پروگرام میں ایک خاندان کے طور پر ایک دوسرے کے ساتھ مل کر سوئم ٹو سروایو مہارات حاصل کی جاسکتی ہیں۔اونٹاریو میں متعدد بلدیات یہ نیا پروگرام پیش کر رہی ہیں۔

اونٹاریو ٹریلیم فانڈیشن کی فنڈنگ سے کی گئی یہ ریسرچ تمام کنیڈینز کو پانی میں محفوظ رہنے کیلئے ان پروگراموں اور مواصلات کو بہتر بنانے میں مدد دیگی۔

**تحقیق سے متعلق تفصیل**
The Influence of Ethnicity on Tweens Swimming & لائف سیونگ سوسائٹی کی جانب سے Water Safety in Canada کے زیر عنوان کی گئی تحقیق نئے اور پیدائشی کنیڈینز کی تیراکی اور پانی میں حفاظت کی جانب رویے کو بہتر سمجھنے کے لئے کی گئی۔ریسرچ کینیڈا میں پیدا ہونے والے شہریوں اور چینی، جنوبی ایشیائی، جنوب مشرقی ایشیائی، مشرق وسطی اور مسلمان کمیونٹیز اور دیگر خطوں سے تعلق رکھنے والے ان شہریوں سے رائے لی گئی جو کینیڈا میں پیدا نہیں ہوئے۔

ریسرچ کے مقاصد
- نئے اور پیدائشی نو عمر کینیڈینز کی پانی سے متعلق تفریحی سرگرمیوں میں شرکت کی حد اوران کے تیراکی صلاحیتوں اور طرزعمل کو سمجھنا
- نئے اور پیدائشی نو عمر کنیڈینز کے تیراکی، پانی میں حفاظت، خود مختاری اورخطرہ سے نمٹنے کے بارے میں رویے کو سمجھنا
- پیدائشی اور نئے کنیڈینز کو تیراکی کرنے اور سیکھنے سے متعلق درپیش رکاوٹوں کو سمجھنا
- تیراکی سیکھنے سے متعلق ان محرکات اور مواصلاتی پیغامات کا تعین کرنا جو تمام نو عمروں میں سوئم ٹو سروایو پلس کے ذریعے تیراکی کی مہارت بہتر کرنے کا شوق پیدا کریں۔

ریسرچ کیلئے یہ اعداد و شمار 29 مارچ اور 18 اپریل 2016 کے درمیان جمع کیے گئے۔مجموعی سیمپل 11 سے 14سالہ 657 کنیڈین شہریوں پر مشتمل تھا۔جن میں 297 پیدائشی کنیڈین تھے اور 360 کینیڈا سے باہر پیدا ہوئے تھے۔ جن کو اس پریس ریلیز میں نئے نو عمر کنیڈین کہا گیا۔297جواب دہندگان کے سیمپل پر مشتمل پروبیبلٹی سٹڈی کا نتیجہ 5.69فیصد پوائنٹس کیساتھ صحیح تسلیم کیا گیا جو20 میں سے 19فیصد ہے۔360جواب دہندگان کے سیمپل پر مشتمل پروبیبلٹی سٹڈی کا نتیجہ5.17فیصد پوائنٹس کیساتھ صحیح تسلیم کیا گیا جو20 میں سے 19فیصد ہے۔

یہ ریسرچ لائف سیونگ سوسائٹی کے لئے ٌگیڈ ریسرچ اور میک کولخ ایسو سی ایٹس نے کی۔گیڈ ریسرچ ٹورانٹو کی ایک ریسرچ کمپنی ہے جو 1989 سے قائم ہے جو کوالی ٹیٹو ارو کوانٹی ٹیٹو وریسرچ بالخصوص صارفین کے نظریے اور رویے کے بارے میں گہری معلومات سے متعلق ریسرچمیں مہارت رکھتے ہیں۔

**سوئم ٹو سروائیو پروگرام سے متعلق**
سوئم ٹو سروایو پروگرام گریڈ 3 کے طلبا کوتسلسل سے تین بنیادی مہارات سکھاتا ہے جن میں گہرے پانی میں گھومنا، پانی میں ایک منٹ تک ٹہرنا اور50 میٹر تیرنا شامل ہے۔ اعدادو شمار بتاتے ہیں کے ڈوبنے والے زیادہ تر لوگ ساحل یا محفوظ مقام سے 51 میٹر ہی دور ہوتے ہیں۔سوئم ٹو سروایو پلس

پروگرام سوئم ٹو سروایومیں حاصل شدہ مہارات میں اضافہ کرتا ہے جس میں گریڈ 7 کے طلبا کو حقیقی صورت حال کا سامناہوتا ہے۔شرکا ء کپڑے پہنے رکھ کر تیراکی کی مہارت حاصل کرتے ہیں اور دوست کی حفاظت سے مدد کرناسیکھتے ہیں۔

فیملی سوئم ٹو سروایو خاندانوں کو مل کر سوئم ٹو سروایو کے مہارات حاصل کرنے کاموقع دیتا ہے۔ وہ افراد جو فیملی سوئم ٹو سروایو کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اپنے لوکل پول سے رابطہ کریں یا ۔www.lifesavingsociety.comپر وزٹ کریں

**لائف سیونگ سوسائٹی سے متعلق**
لائف سیونگ سوسائٹی ڈوبنے سے بچاؤ کے لئے پروگرام، پروڈکٹس اور مکمل سروسز فراہم کرتی ہے۔ہم ڈوبنے سے بچاؤ اور پانی میں لگنے والی چوٹوں سے بچا ؤ کے لئے اپنے تربیتی پروگرامز،واٹر سمارٹ پبلک ایجوکیشن، پانی میں حفاظتی طریقہ کار اور زندگی بچانے والے کھیلوں کے ذریعے جانیں بچاتے ہیں۔ہر سال دس لاکھ سے زائد کینیڈینز سوسائٹی کی سوئمنگ، لائف سیونگ، لائف گارڈنگ اور قیادت کے پروگراموں میں حصہ لیتے ہیں۔مزید معلومات کے لئےwww.lifesavingsociety.com وزٹ کریں۔

***

## To schedule an interview, or for more information, please contact:

Angel Tian
Focus Communications Inc.
Office：905-305-0308 x 215
Cell：647-988-9186
angelt@focuscomms.com

### References

1. Government of Canada. #WelcomeRefugees: Key figures. http://www.cic.gc.ca/english/refugees/welcome/milestones.asp
2. Statistics Canada. Projections of the Diversity of the Canadian Population 2006 to 2031. http://www.statcan.gc.ca/bsolc/olc-cel/olc-cel?catno=91-551-x&lang=eng